سوال

(570) مرد کی خوبصورتی کے لیے عمل جراحی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں اٹھارہ سال کی عمر کا ایک نوجوان ہوں، چار سال پہلے میرے پستان بڑھنا شروع ہوگئے اور ساتھ کچھ درد بھی ہوتا تھا۔ کچھ مدت بعد الحمدللہ درد تو ختم ہوگیا لیکن پستان بدستور ہوئے ہیں حتیٰ کہ کپڑوں کے نیچے سے بھی نمایاں طور پر نظر آتے ہیں میں نے اس کے بارہ میں جب سپشلسٹ سے رابطہ کیا تو اس نے بتایا کہ آپریشن کرکے پستانوں کے اس ابھار کو آسانی سے ختم کیا جاسکتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ اس طرح کا آپریشن جائز ہے۔ یاد رہے پستانوں نے اس ابھار کی وجہ سے مجھے دوسروں کے سامنے بہت شرمندگی محسوس ہوتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمدللہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کے لیے پستانوں کے اس ابھار کو ختم کرنے کے لیے آپریشن کرانا جائز ہے بشرطیکہ ظن غالب یہ کہ یہ آپریشن کامیاب رہے گا اور اس سے کوئی ایسا نقصان نہیں ہوگا جو اس کے فائدہ سے زیادہ یا اس کے برابر ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص433

محدث فتویٰ